nystateofhealth™
The Official Health Plan Marketplace

# کیا میری فیملی اس صورت میں بھی مالی مدد کیلئے اہل قرار پا سکتی ہے جب ہمیں میرے آجر کے ذریعے صحت کی انشورنس آفر کی گئی ہو؟



## فیملی کے لیے صحت بیمہ کی کوریج کو زیادہ حسب استطاعت بنایا جا رہا ہے

### NY State of Health کے ذریعے مالی اعانت کے لیے اہلیت کے نئے اصول

- 1 جنوری، 2023 سے، فیملی ممبرز کے لیے مالی اعانت کے لیے اہلیت آجر کی جانب سے پیش کردہ فیملی کوریج کے حسب استطاعت ہونے کے لحاظ سے ہوگی۔
- فیملی کے ہیلتھ پلان کو اس صورت میں 'حسب استطاعت' مانا جاتا ہے جب پریمیم گھرانے کی آمدنی کے 9.96 فیصد سے کم ہو۔
- اگر فیملی کوریج کو مہنگا مانا جاتا ہو تو فیملی ممبران مالی اعانت کے لیے اہل قرار پا سکتے ہیں۔
- اس سے ملازمین کے لیے حسب استطاعت ہونے کی جانچ تبدیل نہیں ہوتی ہے۔ اگر ملازم کو آجر کے ذریعے حسب استطاعت واحد (صرف ملازم کے لیے) کوریج مل سکتی ہے تو وہ NY State of Health کے ذریعے مالی اعانت کے لیے اہل قرار نہیں پائیں گے۔ تاہم، فیملی ممبرز اب بھی اہل ہوں گے۔

### 2023 سے قبل مالی اعانت کی اہلیت کے اصول

- 2023 تک، صحت بیمہ کو واحد (صرف ملازم کے لیے) کوریج کی لاگت کے لحاظ سے 'حسب استطاعت' مانا جائے گا۔
- تب تک، واحد (صرف ملازم کے لیے) کوریج کے لیے پریمیم اگر ملازم کے گھرانے کی آمدنی کے 9.61 فیصد سے کم ہے تو اسے 'حسب استطاعت' مانا جائے گا۔ جو ملازمین اپنے آجر سے حسب استطاعت صحت بیمہ حاصل کر سکتے ہیں وہ NY State of Health پلان کے مدنظر مالی مدد کے لیے اہل قرار نہیں پاتے ہیں۔
- اگر کوئی ملازم اس اصول کی بنیاد پر NY State of Health کے ذریعے مالی مدد کے لیے اہل قرار نہیں پاتا ہے تو ملازم کے فیملی ممبرز بھی NY State of Health کے ذریعے مالی مدد کے لیے نا اہل ہیں۔ اس کا اطلاق اس صورت میں بھی ہوتا ہے جب آجر کے پیش کردہ فیملی کے ہیلتھ پلان کی لاگت گھرانے کی آمدنی کے 9.61 فیصد سے زیادہ ہو۔

### آپ کیا کر سکتے ہیں؟

- NY State of Health کا مالی اعانت کا کیلکولیٹر ٹول استعمال کریں: https://info.nystateofhealth.ny.gov/estimate-financial-assistance
- یہ ٹول یہ دیکھنے کے لیے اندازہ فراہم کرتا ہے کہ آیا آپ یا آپ کے فیملی ممبرز مالی اعانت کے لیے اہل ہیں۔ آپ کی اصل اہلیت کا تعین آپ کے درخواست دینے پر کیا جائے گا۔

**اگر آپ کے خیال سے آپ یا آپ کے فیملی ممبرز مالی اعانت کے لیے اہل ہو سکتے ہیں تو درخواست دینے میں مدد حاصل کرنے کے لیے NY State of Health سے رابطہ کریں:**

آن لائن:
**nystateofhealth.ny.gov**

بذریعہ فون:
**1-855-355-5777 یا**
**TTY: 1-800-662-1220**

بذات خود:
مصدقہ معاون سے مفت مدد

NY State of Health قابل اطلاق وفاقی دیوانی حقوق کے قوانین اور ریاستی قوانین کی تعمیل کرتا ہے اور نسل، رنگ، جنس، عمر، قومی حسب نسب، مسلک/مذہب، ازدواجی/کنبہ جاتی حیثیت، گرفتاری کے ریکارڈ، مجرمانہ سزا یابی (سزا یابیوں)، صنفی شناخت، جنسی رجحان، ثانوی جینیاتی خصوصیات، فوجی حیثیت، خانگی تشدد کے متاثر کی حیثیت اور/یا انتقام کی بنیاد پر امتیازی سلوک نہیں کرتا ہے۔